Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, March 2023

Paper : MAUR104CCT : Classiki Asnaf-e-Sher

پرچہ : کلاسیکی اصناف شعر

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. ’آب حیات‘ میں کتنے ادوار ہے؟

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

ii. مثنوی ’سحر البیان‘ میں کس شہر کی مرقع کشی کی گئی ہے؟

(a) بنارس (b) رامپور (c) دہلی (d) لکھنؤ

iii. مرثیے کی سماجیات‘ کے مصنف کون ہیں

(a) سید عقیل رضوی (b) مولوی عبدالحق (c) رشید احمد صدیقی (d) مسیح الزماں

iv. پنڈت دیا شنکر نسیم کے استاد کا نام ہے۔

(a) میر خلیق (b) ناسخ (c) آتش (d) میر ضمیر

v. ’دلبر بیسوا‘ کس مثنوی کا کردار ہے؟

(a) سحر البیان (b) پھول بن (c) گلزار نسیم (d) زہر عشق

vi. مرزا سلامت علی دبیرؔ کس شہر میں پیدا ہوئے تھے؟

(a) دہلی (b) کلکتہ (c) فیض آباد (d) لکھنؤ

vii. ’اردو میں قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ‘ کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابو محمد سحر (b) وزیر آغا (c) محمود الٰہی (d) آل احمد سرور

viii. ’دہر جز جلوئے یکتائی معشوق نہیں‘ غالبؔ نے یہ قصیدہ کس کی شان میں کہا ہے؟

(a) واجد علی شاہ (b) حضرت علیؓ (c) ملکہ وکٹوریہ (d) بہادر شاہ ظفر

ix. ’مرثیہ غالب‘ کس کی تخلیق ہے؟

(a) آزاد (b) شبلی (c) حالی (d) امداد اثر

x. ’مدیح خیر المرسلین‘ کس کا قصیدہ ہے

(a) سودا (b) ذوق (c) غالب (d) محسن کاکوروی

حصہ دوم

2۔ مثنوی سحرالبیان کے مرکزی کردار کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

3۔ قصیدہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ میر تقی میرؔ کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

5۔ مرزا سلامت علی دبیرؔ کی مرثیہ گوئی کی بنیادی خصوصیات تحریر کیجیے۔

6۔ مثنوی کے فن پر ایک نوٹ لکھیے۔

7۔ رباعی کسے کہتے ہیں؟ اردو رباعی میں امجد حیدرآبادی کے مقام کا تعین کیجیے۔

8۔ 'مرثیہ غالب' پر تبصرہ کیجیے۔

9۔ ابن نشاطی پر ایک نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10۔ مثنوی 'سحرالبیان' کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

11۔ شمالی ہند میں اردو مثنوی کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

12۔ محسن کاکوروی کی قصیدہ نگاری کو اجاگر کیجیے۔

13۔ اردو مرثیہ کی تعریف بیان کیجیے اور اس کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

14۔ درج ذیل بند کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے۔

جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے　　جلوہ کیا سحر کے رخِ بے حجاب نے
دیکھا سوئے فلک شہ گردوں رکاب نے　　مڑ کر صدا رفیقوں کو دی اس جناب نے
آخر ہے رات حمد و ثنائے خدا کرو
اٹھو فریضؔ سحریٰ کو ادا کرو

☆☆☆